ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(479)

04-09-2023

**بہاولپور(                    )وزیراعلی پنجاب اورآئی جی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ضلع بھرمیں منشیات فروشوں کے خلاف بھرپورکریک ڈاؤن کا سلسلہ جاری،گزشتہ 48 گھنٹے میں متعددملزمان گرفتارکرکے ان کے قبضہ سے بھاری مقدارمیں شراب ومنشیات برآمدکرلی۔منشیات کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی۔ڈی پی اوسیدمحمدعباس**

تفصیلات کے مطابق وزیراعلی پنجاب اورانسپکٹرجنرل آف پولیس پنجاب کی طرف منشیات فروشوں کی سرکوبی کے لئے جاری کردہ احکامات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسرسیدمحمدعباس نے ضلع بھر کے ایس ایچ اوزکو سپیشل ٹیمیں تشکیل دے کرمنشیات فروشوں کی گرفتاری کا ٹاسک دیا تھا،جس کے نتیجہ میں بہاولپور پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف بھرپورا ایکشن جاری ہے۔گزشتہ 48 گھنٹے میں 25 مقدمات درج رجسٹرڈ کئے ۔گرفتارملزمان کے قبضہ سے 810 لیٹر دیسی شراب، 40 لیٹرلہن، 12 کلو 880 گرام چرس اور 271 گرام کرسٹل آئس برآمدکرلی۔جبکہ گزشتہ 48 گھنٹوں میں 05 منشیات کے عادی افرادکوبرائے علاج معالجہ ہسپتال داخل کروایا گیا۔اس موقع پرڈی پی اوسیدمحمدعباس نے افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ منشیات فروشوں کے خلاف خفیہ سٹنگ آپریشن کومزیدتیزکیاجائے۔منشیات مافیا کے خلاف بلاامتیازکارروائیاں عمل میں لائی جائیں گی،خاص کرتعلیمی اداروں میں یہ فعل ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔اس مہم میں تمام تر وسائل کو بروئے کارلاتے ہوئے مزیدکارروائیاں عمل میں لائی جائیں۔انہوں نے مزیدکہا کہ منشیات ایک لعنت ہے جس کا بہاولپور سے خاتمہ ہرصورت یقینی بنایاجائے گا۔

**ترجمان بہاولپورپولیس**



بہاولپور:وزیراعلیٰ پنجاب اورآئی جی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ضلع بھرمیں منشیات فروشوں کے خلاف بھرپورکریک ڈاؤن،متعددملزمان گرفتارکرکے ان کے قبضہ سے بھاری مقدارمیں شراب ومنشیات برآمدکرلی

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(480)

مورخہ 04.09.2023

**بہاولپور(           )ڈی پی او سید محمد عباس کے احکامات، تھانہ سول لائنز پولیس کی کامیاب کارروائی، چوری اور نوسر بازی کی متعدد وارداتوں میں ملوث ملزمان گرفتار۔گرفتار ملزمان کے قبضہ سے لاکھوں روپے مالیت چوری شدہ گھی کی پیٹیاں، سائیکل اور نقدرقم برآمد۔معاشرے کے ایسے منفی عناصر کے خلاف مزید کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی،ڈی پی او**

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب کی جرائم کی سرکوبی کیلئے جاری ہدایات اور ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی سربراہی میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ تھانہ سول لائنز پولیس نے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے اسپیشل ٹیم تشکیل دے کر متعدد وارداتوں میں ملوث ملزمان کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان سے متعدد مقدمات ٹریس ہوئے۔گرفتار ملزمان کے قبضہ سے لاکھوں روپے مالیتی گھی کی پیٹیاں، سائیکل اور نقدرقم برآمد کر لی گئی۔ریکور شدہ مال مسروقہ ونقدرقم اصل مالکان کے حوالے کی جارہی ہے۔ڈی پی او سید محمد عباس نے اس موقع پر کہا کہ شہریوں کا لوٹا ہوا مال جرائم پیشہ افراد سے ریکور کرایا جارہا ہے تاکہ شہریوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف مہیا کیا جاسکے۔انہوں نے مزید کہا بہاولپور پولیس جرائم کی بیخ کنی کیلئے بہترین حکمت عملی کو اپنا کر جرائم پیشہ افراد کا تدارک جاری رکھے گی۔

ڈی پی او سید محمد عباس نے بہترین کارکردگی پر تھانہ سول لائنز پولیس کو شاباش دی۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور:ڈی پی او سید محمد عباس کے احکامات، تھانہ سول لائنز پولیس کی کامیاب کارروائی، چوری اور نوسر بازی کی متعدد وارداتوں میں ملوث ملزمان گرفتار، مال مسروقہ برآمد